(a) whether it is a fact that a new organization in the name of Minor Irrigation has been established in Baluchistan under the Special Development Programme ;

(b) the date from which this organization has started functioning, the name of the Head of the Department and the total amoutns, drawn as salaries, T.A., D.A. and other benefits from the date of the opening of this office till now for all the office staff separately ;

(c) the name of the officers and staff working in this organization alongwith their salaries and place of domicile ;

[Engr. Syed Muhammad Fazal Agha]

(d) the total number of the projects initiated by this organization, with the date of start, estimated cost and date of completion ;

(e) the total number of projects completed up-to-date ;

(f) the total number of agreements executed by this organization alongwith the name of contractors and amount of contracts awarded to each of them ;

(g) name of the projects to be undertaken in future; and

(h) the amount in Pak. Rupees they have at their disposal for the said Project ?

[The reply received from the Division is not in proper form. It runs into 21 pages, mostly in tabulated form. Therefore it could not be printed. It has therefore been placed on the Table of honourable member concerned and in the Library].

ANNUAL RENT OF HIRED ACCOMMODATION FOR OFFICES AND RESIDENCE

*95. ***Malik Saddullah Khan:** Will the Minister for Housing and Works be pleased to state the number of office and residential accommodation hired by the government indicating annual rent payable ?

Mr. Muhammad Hanif Tayyab:

Office	198	Rs. 26.6 million
Residential............................	5,190	Rs. 90.7 million
Total	5,388	Rs. 117.3 million

NOCs FOR HAJ PURPOSES

147. ***Malik Faridullah Khan:** Will the Minister for Religious Affairs and Minorities Affairs be pleased to state:

(a) the total number of NOCs issued for Haj purposes during the last year showing the percentage of each province; and

(b) the procedure adopted for the issuance of NOCs ?

Syed Qasim Shah: (a) In all 2804 NOCs were issued for Haj 1986. No provincial quota was, however, maintained in this behalf, Province/area-wise break-up of NOCs is as follows :—

	No. of NOCs	Percentage
Punjab	1,191	42%
Sind	725	26%
N.W.F.P.	303	11%
Baluchistan	63	2%
Northern Areas/FATA	15	1%
Islamabad Capital Territory	481	17%
AJ & K	26	1%

(b) The applications for issue of NOC for performance of Haj were processed in the Ministry and submitted for Prime Minister's approval. For a short period when the Prime Minister was on tour abroad the powers to issue NOCs were delegated to the Minister for Religious Affairs and the then Minister of State for Religious Affairs.

LEAVE OF ABSENCE

جناب چیئرمین : جناب احمد میاں سومرو صاحب نے اپنی مصروفیات کی بنا پر ایوان سے ۸ تا ۱۲ فروری رخصت کی درخواست کی ہے ۔ کیا آپ رخصت منظور فرماتے ہیں ؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین : جناب اختر نواز خان نے اپنی مصروفیات کی بنا پر ایوان سے ۵ فروری کے لئے رخصت کی درخواست کی ہے ۔ کیا آپ رخصت منظور فرماتے ہیں ؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین : میر علی نواز خان تالپور نے اپنی مصروفیات کی بنا پر ایوان سے ۵ فروری کے لئے رخصت کی درخواست کی ہے ۔ کیا آپ رخصت منظور فرماتے ہیں ؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین : جناب صاحب زادہ محمد الیاس نے اپنے بھتیجے کی علالت کی بنا پر ایوان سے ۵ ر فروری کے لئے رخصت کی درخواست کی ہے ۔ کیا آپ رخصت منظور فرماتے ہیں؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین : جناب جاوید جبار صاحب نے ناگزیر وجوہات کی بنا پر ایوان سے ۲۹ ر جنوری تا ۸ ر فروری رخصت کی درخواست کی ہے ۔ کیا آپ رخصت منظور فرماتے ہیں ؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین : جناب چوہدری شجاعت حسین نے ذاتی مصروفیات کی بنا پر ایوان میں ۵ ر فروری کو حاضر ہونے سے معذوری ظاہر کی ہے ۔

Mr. Abdur Rahim Mir Dad Khel: For information Sir.

Mr. Chairman: Right for information. I would also like to inform the House that the Prime Minister has been pleased to appoint Mr. Muhammad Ali Khan, Senator, to act as Leader of the House in his absence during the current and ensuing session of the Senate.

تو کام کو coordinate کرنے کی ذمہ داری آئندہ محمد علی خان صاحب کی ہوگی ۔

جناب عبدالرحیم میر داد خیل : جناب والا ! محترم پیر پگاڑا صاحب ہماری نظروں سے کئی دنوں سے نہیں گزرے کیا ان کی درخواست آئی ہے یا کیا ہم پوچھ سکتے ہیں کہ خیریت سے ہے، اور ان کی درخواست نہ آنے کی وجوہات کیا ہیں ؟

جناب چیئرمین : وہ بحمداللہ خیریت سے ہیں لیکن میرے خیال سے کسی ممبر کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ دوسرے کے متعلق پوچھے کہ درخواست آئی ہے یا کیوں نہیں آئی جب تک میں آپ کو سنا نہ دوں ۔

جناب عبدالرحیم میر داد خیل : ویسے ہمارا فرض بنتا ہے کہ ہر ساتھی کا خیال رکھیں ۔ اس لئے میں نے کہا ۔

جناب چیئرمین : وہ آپ کی عنایت ہے پریولج موشنز ۔ جو دو موشنز میرے پاس تھیں، ایک نمبر ۸ جو جاوید جبار صاحب کے نام پہ ہے لیکن انہوں نے written request کی ہے کہ وہ اس کو move نہیں کریں گے تو that would be considered as withdrawn.

دوسری اکرم سلطان صاحب کے نام پہ ہے لیکن انہوں نے بھی رخصت کی درخواست کی ہے اور انہوں نے درخواست بھی کی ہے کہ ان کے نام پہ جو business ہے اس کو آئندہ دن کے لئے ڈیفر کیا جائے۔ ایک ہے جناب مولانا کوثر نیازی صاحب کے نام پر جو on the President's acceptance of the invitation to visit India to watch a cricket match. کے بارے میں ہے جناب مولانا صاحب اگر move کرنا چاہتے ہیں تو کریں۔

PRIVILEGE MOTION: PRESIDENT'S VISIT TO INDIA TO WATCH A CRICKET MATCH

مولانا کوثر نیازی: جناب چیئرمین! آئین کے آرٹیکل ۵۰ کے تحت مجلس شوریٰ (پارلیمنٹ) کی جو کمپوزیشن بتائی گئی ہے وہ یہ ہے کہ:

> "There shall be a Majlis-e-Shoorah (Parliament) of Pakistan consisting of the President and two Houses to be known respectively as the National Assembly and the Senate."

اس لحاظ سے پارلیمنٹ جو کام بالواسطہ کرتی ہے اس میں پریذیڈنٹ صاحب شریک ہوتے ہیں۔ پارلیمنٹ نے پچھلے دنوں پاکستان اور ہندوستان کی سرحدوں پر بھارتی افواج کے اجتماع کے لئے ایک خصوصی سیشن کیا اور جناب وزیراعظم نے اس سے خطاب کیا۔ اس خطاب کے ذریعے انہوں نے قوم کو دفاعی مقاصد کے لئے تیار کرنے کی کوشش کی۔ بعد میں دونوں ہاؤسز کی صورت میں پارلیمنٹ split ہوگئی اور نیشنل اسمبلی اور سینیٹ میں اس صورت حال پر کئی دن تک بحث جاری رہی۔ دریں اثناء پاکستان کے عوام اور پارلیمنٹ کے اراکین یہ جان کر حیرت زدہ رہ گئے کہ صدر محترم نے یہ خواہش ظاہر

[Maulana Kausar Niazi]

کی کہ وہ بھارت جاکر کرکٹ میچ دیکھنا چاہتے ہیں ۔ ایک صورت یہ ہو سکتی تھی کہ وہاں کے صدر ہمارے صدر کو invite کرتے لیکن یہ صورت نہیں تھی بلکہ ہمارے صدر نے یہ خواہش ظاہر کی کہ وہ وہاں کرکٹ میچ دیکھنا چاہتے ہیں اس کے لئے پاکستان کے کرکٹ بورڈ نے بھارتی کرکٹ بورڈ کے چیئرمین کو contact کیا اور ان کے ذریعے سے باقاعدہ manoeuring کیا کہ پریذیڈنٹ کے لئے invitation حاصل کیا جائے وہاں کا چیئرمین اس سلسلے میں کوئی اتھارٹی نہیں رکھتا تھا ۔ وہ وزیر اعظم بھارت سے ملا ، اور اس سے اس نے دعوت نامہ جاری کرنے کی اجازت طلب کی ۔ اخباری رپورٹوں سے معلوم ہوا ہے کہ کافی غور و خوض کرنے کے بعد بھارتی وزیر اعظم نے بھارتی کرکٹ بورڈ کے چیئرمین کو اس کی اجازت دے دی ۔ اس سارے طرز عمل سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ گویا پارلیمنٹ ، وزیر اعظم اور ہماری حکومت ، شیر آیا ، شیر آیا کا عمل کر رہی تھیں ، جبکہ حقیقی خطرہ نہیں تھا ۔ میں کہتا ہوں کہ خدانخواستہ جب سچ مچ شیر آگیا تو پھر قوم کو اس خطرے سے نمٹنے کے لئے تیار نہیں کیا جا سکے گا ۔ اگر ہم نے اس طرح کا طرز عمل اختیار کیا کہ خطرہ ہے اور خطرہ ہونیکے باوجود ہم بھارت میں کرکٹ میچ دیکھنے کے لئے جانے پر تُلے ہوئے ہیں ۔

جناب چیئرمین ! پاکستان کی اعلیٰ ترین شخصیت کے اس طرز عمل سے پارلیمنٹ کے وقار اور اس کے احترام کے خلاف عمل سرزد ہوا ہے جس سے لوگوں کی نظر میں یہ بات آئی ہے کہ پارلیمنٹ بے جا طور پر ان کے ذہن میں ایک خطرہ بٹھا رہی تھی ، اگر کوئی خطرہ ہوتا تو ملک کا صدر اس معاملے میں اس طرح کا طرز عمل کیوں اختیار کرتا اور وہ اسے سنجیدگی سے کیوں نہ لیتا ؟ پارلیمنٹ کے ضمن میں ، اس طرح کا طرز عمل روا رکھنا واضح طور پر پارلیمنٹ کی توہین اور اس کے استخفاف کی ذیل میں آتا ہے ۔

دوسری بات جناب چیئرمین ! یہ ہے کہ یہ اقدام ملک کے وقار اسکی عزت اور اسکی حرمت کے بھی منافی ہے ۔ ابھی بھارت کے وزیر اعظم نے اپنے ملک کے سیکرٹری خارجہ کو اس بنا پر برطرف کر دیا کہ اس نے کہیں بھولے سے یہ کہہ دیا تھا کہ وزیر اعظم صاحب اس سال کے دوران کسی وقت پاکستان کا دورہ کریں گے لیکن جناب راجیو گاندھی کو یہ بات اتنی بُری لگی کہ انہوں نے اپنے سیکرٹری کو اس منصب سے برطرف کر دیا ۔ وہ

پاکستان آنے کے ضمن میں یہ انداز رکھتے ہیں کہ ہم بار بار دعوتیں دیتے ہیں وہ بار بار ٹھکراتے ہیں اور اگر کوئی غلطی سے ان کا افسر اس ضمن میں اظہار کر بیٹھتا ہے تو اس کو بیک بینی و دو گوش نکال باہر کرتے ہیں لیکن ایک ہم ہیں کہ ملک کی عزت اور وقار اور سٹیٹ کی عظمت کا خیال کئے بغیر ایسا راستہ اختیار کرتے ہیں جس سے ہمیں بھارت یاترا کا موقع مل جائے۔ یقیناً چیئرمین بھارتی کرکٹ بورڈ ہمارے صدر کو یہ دعوت دے رہا ہے تو ان کا رسیپشن، ان کا استقبال صدر اور وزیر اعظم نہیں کریں گے اس لئے کہ یہ چیئرمین بھارتی کرکٹ بورڈ کا invitation ہے یہ صدر یا وزیر اعظم یا سٹیٹ کا invitation نہیں۔ اس سے پاکستان کی جو توہین ہوگی اور ریاست پہ جو حرف آئے کا وہ بیان کرنے کی ضرورت نہیں۔

مزید برآں یہ بھی عجیب دعوت نامہ ہے کہ ہمارے صدر صاحب جو کرکٹ میچ دیکھنا چاہتے تھے انہوں نے کہا کہ وہ کرکٹ میچ تو آپ نہیں دیکھ سکتے البتہ فلاں تاریخ کو جو کرکٹ میچ ہے وہ آپ دیکھنے کے لئے تشریف لے آئیں۔ اس طرح کے دعوت نامے حاصل کر کے ہم اپنے ملک اور اپنی سٹیٹ کے وقار اور اس کی عظمت کے منافی کام کر رہے ہیں اور یہ بھی ایسا فعل ہے جس سے پارلیمنٹ پہ حرف آتا ہے کیوں کہ پارلیمنٹ ملک کی عظمت کی نگہبان ہے اور پارلیمنٹ کا یہ فرض ہے کہ وہ ملک کی بڑی سے بڑی شخصیت کا احتساب کرے کہ کوئی ایسا طرز عمل اختیار نہ کیا جائے جو ملک کی عزت اور وقار کے خلاف ہو۔

جناب والا! یہ خوشی کی بات ہے کہ ہمارے فاضل سیکرٹری خارجہ امور جناب عبدالستار کی کوششوں سے ایک معاہدہ طے پا گیا لیکن ابھی نہیں کہا جا سکتا کہ اس معاہدے کے بعد بھی کیا ہوگا اس لئے کہ فوجوں کے واپس ہونے میں کم سے کم ایک ماہ لگے گا۔ مشقیں بند نہیں ہوئی ہیں۔ مشقیں جاری ہیں اور خطرے کی تلوار ابھی تک اہل وطن کے سر پہ لٹکی ہوئی ہے۔ میں جانتا ہوں کہ میرے فاضل دوست جناب زین نورانی یہ فرمائیں گے کہ یہ کرکٹ ڈپلومیسی ہے اور کرکٹ ڈپلومیسی کی وجہ سے ہمارے صدر نے بھارت کو چاروں شانے چت کر دیا ہے اور وہ اپنے پاجامے میں تھرا رہے ہیں کہ صدر پاکستان آ گئے بھارت میں تو ہمارا کیا بنے گا لیکن میں ان سے کہوں گا کہ خدا کے

[Maulana Kausar Niazi]

لئے وہ اس طرح کے دلائل میں پناہ نہ لیں ۔ بلکہ واضح طور پر قوم کو یہ بتائیں ۔ ایسا طرز عمل اختیار کر کے صدر مملکت نے پارلیمنٹ کے ساتھ استخفاف کیوں روا رکھا ہے اور ملک کی عزت کا انہوں نے کیوں خیال نہیں رکھا ۔

ان الفاظ کے ساتھ جناب والا ! میں اپنی تحریک استحقاق پیش کرتا ہوں ۔ جو ان الفاظ میں ہے :-

"اس وقت جب کہ انڈیا اور پاکستان کی فوجیں ایک دوسرے کے آمنے سامنے کھڑی ہیں ۔ اور پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں وزیراعظم نے اپنے خطاب کے ذریعے موقع کی نزاکت کی بھرپور وضاحت کی ہے ۔ پاکستان کے صدر جنرل محمد ضیاء الحق نے بھارت میں کرکٹ میچ دیکھنے کی خواہش ظاہر کر کے اور اس کا دعوت نامہ حاصل کرنے کے بعد اس کو شرف قبولیت عطا کر کے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ اس طرح کا کوئی خطرہ موجود نہیں ہے اور اگر ہے بھی تو وہ اس کا احساس کرنے میں ہرگز سنجیدہ نہیں ہیں ۔ ملک کے صدر کے اس طرز عمل سے وزیراعظم اور پارلیمنٹ کا واضح طور پر استخفاف ہوا ہے ۔ اور سینٹ کا وقار بھی اس سے بری طرح مجروح ہوا ہے جو کئی دن تک اس خطرے پر بحث کر کے دفاعی مقاصد کے لئے قوم کو تیار کرنے میں لگی رہی ہے ۔ میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ ایوان میں اس مسئلے پر غور کیا جائے"۔

جناب چیئرمین : شکریہ ۔ جناب زین نورانی صاحب !

سردار خضر حیات : اور ساتھ ہی حلوہ پکاؤ تاکہ کام شروع کرے ۔ حلوہ پکاؤ حلوہ پکاؤ ۔

جناب چیئرمین : میرے خیال میں اس طرح کے ریمارکس کی ضرورت نہیں ہوتی ۔

Mr. Zain Noorani: Sir, I oppose the question of admissibility of this privilege motion but before I go further I must say that I always knew that the honourable Senator was a wonderful orator and an intellectual. I did not know that he possessed the powers to gaze into a crystal and know what I was going to say. Again, a new precedent has been set in the House. Normally, when a privilege motion is to be moved, the notice of the privilege motion is read first and then the member says whatever he has to say about the admissibility.

Mr. Chairman: I think that was my mistake. I thought that the motion had been read out on the previous occasion.

Mr. Zain Noorani: Now, Sir, from the honourable Senator, first of all I would like to know as to when and on what date the President of Pakistan made a request to go to India and on what document is the honourable Senator basing his presumption that the President of Pakistan has accepted an invitation to go to India. Therefore, the notice of the adjournment motion either is premature or.................................

Mr. Chairman: Privilege motion.

Mr. Zain Noorani: Privilege motion — the notice of the privilege motion is either premature or it is too late.

Then, Sir, if it is based on any documentary evidence which the honourable Senator has, the rules provide that the same should be attached and so far I, at least, have not been provided with any such documentary evidence to either of these two facts.

At the same time, Sir, it also raises the same delicate matter to which you have referred to again and again as to what is the official conduct of the President of Pakistan and what is his personal conduct.

The third point is, does this matter require the intervention of the Senate.

And lastly, in what way has privilege been breached or is being imagined to have been breached.

The Prime Minister of Pakistan while addressing the joint session made a comprehensive statement on the policy of Pakistan and a commitment on the part of Pakistan to the process of establishing good neighbourly and cooperative relations with India. This is what the Prime Minister of Pakistan said. Now, I for one do not know as to when, at what forum and at what stage the President expressed that he would like to go to India to see a cricket match. May be it was much before the present tension or the tension that has started to end since yesterday, erupted. It could have been much before that, we do not know, and that is why I inquired from the honourable Senator as to when the President made this request. If that is so, there was no harm. Now, if it was made while the tension was on, even then it was in

[Mr. Zain Noorani]

conformity with the policy statement of the Prime Minister of Pakistan in the joint sitting of the Parliament and also as reflected by quite a few members in both the Houses that nobody wants war. Pakistan wants to live in peace, Pakistan wants friendly relations with India but on equal terms.

Now, Sir, let us also examine whether the so-called wish of the President of Pakistan to visit India to see a cricket match, a test match between Indian and Pakistan infringed the privilege of this House. Did it bring ridicule to the nation or did it add to its prestige or did it help in convincing the world that what India was doing in its media war against Pakistan in an attempt to convince the world that Pakistan was going to be the aggressor against India, that Pakistan was on the verge of attacking India, did this news item (I do not know whether it was correct, whether it was true or not) but the appearance of this news item itself, did it not on the contrary raise the prestige of Pakistan, did it not place Indian in an awkward situation in asmuch as they themselves had to admit their leading newspapers like 'The Hindustan Times' had to editorially commented on it that General Zia's cricket diplomacy, as rightly said by the honourable Senator, corners India. I will, Sir, refer only to two or three lines from what appeared in 'The Hindustan Times'. 'The Hindustan Times' said :

> "Pakistan has succeeded in conveying the message that while its President is taking a relaxed view of the situation, it is India that is creating tension on the borders."

Pakistan has succeeded in conveying the message that while its President is taking a relaxed view of the situation. It is India that is creating tension on the borders. Then it says; "when President, Zia-ul-Haq comes to India, it will not be as a spectator in a cricket match but as a player in a far more subtle game of which he is past master. Can anyone who wishes to go to a neighbouring country to watch a match be preparing to declare war on the same country?"

Now Sir, this is an editorial in "The Hindustan Times". So, as I said that I do not know the basis and the authenticity of the news item, but the appearance of the news item itself projected the peaceful intentions of Pakistan and completely set at naught the avalanche of campaign internationally launched by India, trying to convince the

world that Pakistan was trying to attack India. So, in view of this I do not see where the privilege has been infringed. And as I said according to the rules also this does not meet the requirement of the rules. But there is a small request also Sir, through you I would like to make this clear to the honourable Senators and that is, let us not be too very touchy about our privileges, let us be a bit broad-minded about them. I thank you Sir.

Mr. Chairman: Thank you. Maulana Kausar Niazi.

مولانا کوثر نیازی: جناب چیئرمین! وزیر محترم نے اپنی خوش بیانی میں بہت سارے تضادات جمع کر دیئے ہیں۔ ایک طرف وہ یہ فرماتے ہیں کہ صدر صاحب نے کب خواہش ظاہر کی اور دوسری طرف وہ خود دستاویزی شہادت پیش کر رہے ہیں، "ہندوستان ٹائمز" کے ذریعے سے، کہ انہوں نے خواہش ظاہر کی جسے وہ "فتح مبین" قرار دے رہے ہیں اور اگر کسی دستاویز کو پیش کرنے کی ضرورت تھی بھی جو پریولیج موشن پیش کرنے کے لئے ان رولز میں کہیں درج نہیں کی گئی، جو میرے سامنے ہیں، تو وہ کمی از خود وزیر صاحب نے پوری کر دی ہے۔ وہ ازراہِ کرم میری مدد کو خود تشریف لائے ہیں اور "ہندوستان ٹائمز" کا تراشا انہوں نے پیش کر دیا ہے۔ پھر وہ فرماتے ہیں "ہندوستان ٹائمز" کی طرف سے اسے پڑھتے ہوئے کہ صدر صاحب نے بڑا relaxed view لیا ہے، میں بھی یہی عرض کر رہا ہوں کہ صدر صاحب نے اس معاملے کو اس انداز سے نہیں دیکھا جس طرح پارلیمنٹ نے اور وزیر اعظم نے دیکھا ہے وہ اس معاملے میں سنجیدہ نہیں تھے۔ اسی لئے وہ کویت تشریف لے گئے، چیف آف دی آرمی سٹاف ہوتے ہوئے اور اسی لئے کرکٹ کی خواہش ظاہر کر کے وہ باہر تشریف لے گئے۔ انہیں معلوم تھا کہ یہ "شیر آیا، شیر آیا" کا مصداق تھا جو پارلیمنٹ کر رہی ہے اور جو وزیر اعظم کر رہا ہے۔ اس ضمن میں جو between the lines بات ثابت ہوتی ہے وہ یہی ہے کہ ان کا طرز عمل، پارلیمنٹ اور وزیر اعظم کے بیانات اور ان سنجیدہ کوششوں کے بالکل برعکس تھا کہ جو قوم کے سامنے آیا تھا۔ رہی یہ بات کہ انہوں نے "ہندوستان ٹائمز" کو شہادت میں پیش کیا۔ اس سلسلے میں میں کہتا ہوں کہ کاش، وہ اپنی قوم کے جذبات اور احساسات سے بھی آگاہی حاصل کرتے، وہ بھارت کے اندر ایک مخصوص

طبقے کی آراء کا ذکر نہ کرتے بلکہ یہ بھی دیکھتے اور یہ گلیوں میں پھر کے دیکھتے ، پانوں کی دکانوں پر جا کر دیکھتے ۔ بار بر شاپس پر جا کر دیکھتے تو انہیں پتہ چلتا کہ پاکستانیوں نے اس کو کس انداز سے لیا ہے ان کے جذبات کیا ہیں ۔ اور وہ صدر صاحب کی اس کرکٹ ڈپلومیسی کو کیا سمجھ رہے ہیں ۔ میں تو یہ کہوں گا کہ

نقشوں سے تم نہ جانچو ، لوگوں میں پھر کے دیکھو
کیا چیز جی رہی ہے کیا چیز مر رہی ہے

"ہندوستان ٹائمز" کے اداریوں سے وہ اس بات کو ثابت کرنے کی کوشش نہ کریں بلکہ لوگوں میں پھر کر دیکھیں ، پاکستان کے لوگوں میں پھر کر دیکھیں کہ ان کے جذبات اس سلسلے میں کتنی بری طرح سے مجروح ہوئے ہیں ۔

عجیب بات یہ ہے کہ وہ میری اس تحریک کے ضمن میں If and buts بھی لگاتے ہیں لیکن تردید بھی نہیں کرتے کہ صدر صاحب نے ایسا نہیں کیا ۔ اگر ایسا نہیں کیا تو چشم ما روشن ، دل ما شاد ، وہ categorically کہیں کہ یہ بات غلط ہے کہ صدر صاحب نے خواہش ظاہر نہیں کی اور نہ ہی صدر صاحب وہاں جائیں گے لیکن اس طرح کی وہ کوئی بات کرتے نہیں ، صاف چھپتے بھی نہیں ، سامنے آتے بھی نہیں ، والا انداز انہوں نے اختیار کر رکھا ہے ۔

جناب والا ! آخری بات عرض کرتا ہوں ، جناب چیئرمین ! زیادہ دیر آپ کا صبر آزمانا نہیں چاہتا ہیں یہ عرض کروں گا کہ انہوں نے کہا ہے کہ ہمیں touchy نہیں ہونا چاہیئے اپنے پریولیج کے بارے میں ۔ جناب والا ! ہماری ذات کا پریولیج نہیں ہے ۔ یہ اس قوم کے نو کروڑ غیور افراد کا پریولیج ہے اور اس سلسلے میں ہم ٹچی رہیں گے اگر یہ چنگاری ہماری راکھ سے بجھ گئی تو ہم پھر مردہ قوم ہو جائیں گے ۔ ہماری ذات کے ضمن میں کوئی مسئلہ وزیر صاحب ایسا نہیں بتا سکتے کہ جو ہم نے بطور استحقاق اس ایوان میں پیش کیا ہو استحقاق مانگا ہو ، ہم البتہ اپنے قوم کے استحقاق کو کبھی مجروح نہیں ہونے دیں گے اور اس ضمن میں ہم ضرور حساس رہیں گے اور touchy رہیں گے اور اگر وہ اس کو غلط سمجھتے ہیں تو پھر نقطۂ نظر کا فرق ہے جناب چیئرمین ! وہ جس کو صحیح سمجھتے ہیں ہم اس کو غلط سمجھتے ہیں اور جسے وہ غلط سمجھتے ہیں ، ہم اسے صحیح سمجھتے ہیں ۔

جناب چیئرمین : شکریہ۔ جناب زین نورانی صاحب !

Mr. Zain Noorani: First of all, I would like to draw the attention of the honourable Senator to the latter half of Rule 58, since he has asked me to point out where it is required that the document should be submitted alongwith it.

Secondly, I would like to repeat what I have said again and again that a newspaper cutting or a newspaper report "جس تراشے کی بات کر رہے ہیں" is not sufficient to qualify to make a privilege motion or an adjournment motion admissible. A document is required and I still say that no document has been provided.

I also said, if he did not understand it is my misfortune that we do not know, we have no evidence, whether the President made this request and if he made this request when was it made and whether the honourable Senator has any document to prove that the Preisent has accepted it. This is all a pressumption based on the 'تراشے' and therefore I have never accepted it. Now, his contention is that I have to produce this thing and to categorically say 'yes' or 'no', it is not my job. It is a job of the person moving the adjournment motion to provide the categorical document to prove what he is saying, is correct. It is upto him to do it. It is not upto me. As far as I am concerned this is just a hypothetical guess based on some news item that has appeared in some of the news papers.

Now, coming to what he has said about the so-called imaginary پان والوں and بیڑی والوں, perhaps I visit them, perhaps I meet the common people of Pakistan as much as the honourable Senator does and without fear of contradiction I can say one thing that almost nobody in Pakistan is keen to have a war. Every Pakistani wants to live in peace but at the same time every Pakistani feels that if anyone else attacks us, Sir, as a nation, Pakistan would be defended. So, therefore, if the President of Pakistan, if what is said (and as I said that is a big 'if'), if he has indulged in this action or if the newspapers have projected it in such a way; it has helped in creating an atmosphere of peace rather than war and I don't think that the President of Pakistan has done anything wrong or that anything wrong has been attributed to him. I thank you Sir..

مولانا کوثر نیازی : جناب چیئرمین ! صرف ایک منٹ کے لئے اجازت چاہونگا ۔۔۔۔

جناب چیئرمین : میرے خیال میں کافی بحث ہو گئی ہے ۔

مولانا کوثر نیازی : صرف ایک منٹ ، وہ بھی اس لئے کہ وزیر صاحب نے مجھ سے ایسی باتیں منسوب کی ہیں جو کہ صحیح نہیں ہیں ۔ وہ فرماتے ہیں کہ پاکستان میں کوئی شخص جنگ نہیں چاہتا تو کیا ہم جنگ چاہتے ہیں ، سینٹ کے ممبر جنگ چاہتے ہیں ؟ ہم بھی صلح چاہتے ہیں ۔ سوال یہ ہے پھر آپ کی حکومت نے " شیر آیا ، شیر آیا " والا نعرہ لگایا، پھر لوگ یہ کہنے میں حق بجانب ہیں کہ ہوگی آپ نے کھڑی کی ۔

جناب چیئرمین : یہ آپ نے پہلے بھی دو تین مرتبہ جملہ دہرایا ہے ۔

مولانا کوثر نیازی : مگر جناب صدر صاحب سے وہ رات دن ملتے ہیں ، اور پھر یہ پریویلیج موشن آئی ، یہ تحریک استحقاق آئی ، وہ پوچھ کر نہیں آ سکتے تھے کہ جناب والا ! کیا آپ نے ایسی کوئی خواہش ظاہر فرمائی ہے ، اخباروں میں چھپ رہا ہے ، کوئی تردید نہیں آتی ، یہ کیسی حکومت ہے ؟

Mr. Chairman: Thanks. Privilege in this House is being discussed in a very technical sense. It is not the privilege what a person individually feels that his privilege has been hurt. It is a privilege which must qualify according to the rules under which we operate and we work in this House. I have personally tried to convey on a number of occasions what technically is meant by privilege and what are the rules which must be complied with before a privilege motion can be held admissible. What the honourable Minister is referring to he has been relying on the rules and Rule 58 says in very clear terms if the question raised is based on a document, the notice shall be accompanied by the document. That is a mandatory requirement and on a number of occasions this very House has held that if this particular provision is not complied with, then the motion can be held or should be held out of order.

The other provision is that the question shall relate to a specific matter and shall be raised at the earliest opportunity. The other objection which the Minister was making was that how do we determine whether this question has been raised at the earliest opportunity? Now, if there was a wish expressed by the President and it is and it appeared in some newspaper firstly, the cutting or the

'Tarasha' of this newspaper should have been attached with the motion and from that then we would have judged or determined whether it was raised at the earliest opportunity. The third point that he makes is that the matter shall be such as requires the intervention of the Senate. Now, if there was something which happened between the President and the Prime Minister, unless the Prime Minister, who is the leader of this House also brings that issue to this House we have no *locus standi* to tell the President what wish to express or not to express? I think we are not the masters of other people's wishes. Now that is with regard to on the technical side the motion is inadmissible but as far as the substance is concerned, I think essentially Maulana Sahib has raised three points: one is that the President expressed a desire to see a cricket match in India and having obtained an invitation (this is correct more or less translation of what he has said in Urdu) has now accepted that invitation. Now here again, the question is whether the President has accepted that invitation? I have taken a judicial note more or less of some of these things. What has appeared in the press is that the President has accepted it in principle. Now, accepting something in principle and accepting an invitation that on such and such date he would be visiting a particular place, are two different things altogether. Acceptance in principle, it is a diplomatic way of saying that yes, if the attendant circumstances, if the other conditions are of such a nature that it would be conducive to the interest, to the welfare of our country that he would visit or do a particular act, but it does not mean that he has accepted this invitation regardless of what happens between the two countries that he would visit Delhi. I think this is again, factually, to this extent, incorrect.

Then Maulana Sahib has laid considerable stress on the fact that notwithstanding the concentration of forces of the two countries on the borders and the gravity of the situation on which the Prime Minister dilated at great length in Parliament, the President has made an attempt to prove that the country did not face any danger from India or the President was not at all serious to realize how grave the situation was? Now, I think, the honourable Minister has explained at length what exactly the policy of the government is and what the Prime Minister said and I have a copy before me of what the Prime Minister has said and this is how he concluded and this can be considered as the

[Mr. Chairman]

essence of all that he, the Prime Minister wanted to convey to the Parliament and to the nation. This is what he said :

"جناب سپیکر! اپنی تقریر ختم کرنے سے پہلے میں اس بات پر زور دینا چاہتا ہوں کہ حالات کا جذبات سے ہٹ کر جائزہ لیا جائے، میں خطرے کی گھنٹی نہیں بجانا چاہتا، آج صبح کے اخبارات سے یہ معلوم ہوا ہے کہ بھارت کی حکومت نے ہماری طرف سے فوری بات چیت کی پیش کش پر مثبت انداز میں غور کیا ہے، ہمیں ان کے باقاعدہ جواب کا انتظار ہے لیکن میں ابھی یہ نہیں کہہ سکتا کہ حالات معمول کے مطابق ہیں - بلاشبہ ہماری سرحدوں پر ایک غیر معمولی صورتحال پیدا ہوئی ہے، ہم نے اس بات کا پورا خیال رکھا ہے کہ کشیدگی میں اضافہ نہ ہو لیکن ہمیں محتاط رہنا ہو گا، حالات معمولی سی غفلت کی بھی اجازت نہیں دیتے، ہماری امن پسندی ایک اصولی بات ہے اور اس کو کمزوری نہ سمجھا جائے" وغیرہ وغیرہ

Which supports what the Minister said that the country had no intention of escalating the tension between the two countries. What the country wanted was to some how defuse the tension of course with honour and dignity and I think this was the essence of the whole thing. Now, there is a perception and the honourable member is entitled to have his perception that this has injured the prestige or the 'viqar' of this country. Now this depends on the type of diplomacy and the manner in which that diplomacy is conducted between the two countries. I have some newspapers cuttings other than what the Minister has quoted before me and I would like to read out some of them, at any rate, to the House. The first news item that appeared was in 'Jang' quoting 'Sunday Express' and it says :

"سنڈے ایکسپریس" کے مطابق صدر جنرل محمد ضیاء الحق نے کہا ہے کہ وہ بھارت میں ایک کرکٹ میچ دیکھنا پسند کریں گے

And then the paper itself says :

اس اقدام سے دونوں ملکوں کا بڑھتا ہوا فوجی تناؤ کم ہو سکتا ہے -

Now, this is the perception of a very prestigious newspaper abroad. The other which, appeared in one of our local papers and that has been quoted but I will quote the Urdu version of it :

"ٹائمز آف انڈیا" کے مطابق صدر ضیاء الحق دہلی میں مختصر قیام کے علاوہ شاید اجمیر شریف بھی جائیں گے، اخبار نے کہا ہے کہ صدر ضیاء الحق پاک بھارت ڈپلومیسی اور سیاست میں ایک بار پھر آگے نکل گئے ہیں جس کا نتیجہ یہ ہے کہ ایک طرف تو پاکستان کے حقیقی عزائم کی تہہ تک پہنچنا مشکل ہے اور دوسرے یہ بھی واضح نہیں ہو رہا کہ ان باتوں کا جوابی ردّعمل کیا ہونا چاہیئے۔"

So, perceptions, of course, would vary from individual to individual. Each man is entitled to have his own perceptions, to his own analysis of things but what we would consider as a breach of privilege of this House whether universally it can be taken as some act on the part of the President which has injured the feelings or the respect, self-respect, dignity and prestige of this country. If any thing from what I have read out to you and from what the policy of the government as enunciated by the Prime Minister is that this has added to the prestige of the country in the sense that here is a country which is all for pursuit of peaceful purposes against an unjuxtaposition of another country which is following what I may call a jingoistic or chauvinistic policy and this is the difference. I think the success of whatever this country has done whether in Parliament or outside at the diplomatic level, at the Prime Minister or the President level, the result is before us that for the time being, at any rate, future God alone knows what is going to happen, but the tension has been eased ? With regard to one other thing to which Maulana Sahib has referred on a previous occasion also, I think this again depends on the style of diplomacy that we carry out—

اور ایک ہم ہیں کہ نہیں بھول سے بھولے ان کو
اور ایک وہ ہیں کہ نہ بھولے سے کیا یاد ہمیں

[Mr. Chairman]

This would always go on, I think, but we have to stick to our own style of diplomacy. The motion is ruled out.

ADJOURNMENT MOTIONS

Mr. Chairman: These are five motions on the same subject tabled or in fact of which notices have been given on various dates by Qazi Abdul Latif Sahib, Maulana Kausar Niazi Sahib and another one by Qazi Abdul Latif Sahib on the same subject, Maulana Samiul Haq Sahib and Syed Abbas Shah.

Maulana Sahib is here. The other three are not here. Maulana Sahib, would you like to move your adjournment motion — this is on the failure of the phase of the Chashma Right Bank Canal Project and the devastation that has resulted?

ADJ. MOTION; *RE:* FAILURE OF CHASHMA RIGHT BANK CANAL PROJECT

مولانا کوثر نیازی: اخباری اطلاعات مظہر ہیں کہ چشمہ بینک کینال کے ابتدائی دس میل کے حصے میں چشمہ بیراج سے آزمائشی طور پر پانی چھوڑنے میں ناکامی کا سامنا کرنے کے بعد واپڈا حکام نے پہلا ٹھیکہ منسوخ کر دیا ہے اور نئے سرے سے اس حصے کی دوبارہ تعمیر اور مرمت کا ٹھیکہ Mechanized Construction of Pakistan فرم کو دے دیا گیا ہے۔ اس طرح چشمہ نہر کے ابتدائی مرحلے کو ایک بار پھر نئے تجرباتی دور سے گزرنا پڑ رہا ہے اور نہیں کہا جا سکتا کہ اس کے نتائج کیا ہوں، اس صورت حال سے عوام میں تشویش پیدا ہو گئی ہے، لہذا میں تحریک کرتا ہوں کہ ایوان کی کارروائی کو روک کر اس مسئلے پر بحث کی جائے۔

Mr. Chairman: Is it being opposed?

Mr. Zain Noorani: Yes Sir, it is being opposed but if we proceed further I would like to know what would be the technical position about the other three notices or other four notices.

Mr. Chairman: I think whatever decision we take with regard to this would apply to the other three also.

Mr. Zain Noorani: But would you not like to wait for a day for the others to come. Now that the Maulana Sahib has read it in the House, the adjournment motion does not fall through. It has been moved already and I am prepared to handle it today but in fairness to the other three or four Senators, I feel that if it may be held over for a day more, it will not make much difference.

Mr. Chairman: I am in the hands of the House, if you want to do it in that manner I have no objection but I think since they have been pending for quite a long time I would prefer to dispose them off.

Mr. Zain Noorani: I don't mind Sir.

جناب چیئرمین : تو مولانا صاحب ! آپ کچھ اور اسکی وضاحت کرنا چاہتے ہیں ؟

مولانا کوثر نیازی : نہیں میں وزیر صاحب کے جواب کے انتظار میں ہوں ۔

Mr. Chairman: Then Zain Noorani Sahib you please...........

Mr. Zain Noorani: Sir, I am afraid I have to oppose it because I wouldn't say that the notice has been based on wrong information or based on a news which is wrong but I will say on some sort of misunderstanding because Sir, it is totally incorrect in two or three aspects. First of all it says that some previous contract has been cancelled and a new contract has been given to the Mechanised Corporation. Now this is not correct. No contract has been cancelled, no new contract has been given to any one. So therefore, only on this point itself the adjournment motion is inadmissible. Secondly Sir, it is also not true that we are passing through a new phase but what we are passing through is the first experimental stage and there is no failure on its part. So, even that part of it is not correct. Thirdly Sir, this is an adjournment motion and again strict adherence to Rule 71(a) or to Rule 71(b) has not been followed. In view of these I feel that it should not be admitted.

Mr. Chairman: Thank you. Now, as far the first two or three motions are concerned they have all been moved according to whatever is provided in the rules. They are all accompanied by documents and they also refer to specific issue. The matter, I personally consider is of an urgent public importance. It has been debated and it has proved a

[Mr. Chairman]

matter of considerable concern. The Prime Minister has instituted an inquiry into it. The other day in the context of a privilege motion we heard that the reply given by the WAPDA officials was not based on facts and that is separately being inquired into and only yesterday according to the Press reports and also what appeared on the television which can be taken notice of judicially or judicial notice of that can be taken, that Chief Minister of Frontier has confirmed that there has been tremendous damage or devastation resulting from releasing of water in the newly built Chashma Right Bank Canal and the experiment has not succeeded. So, the best thing is if it is a matter of recent occurrance of such great public importnace, that it should be debated within the House itself, I personally consider the matter to be in order. Of course, whether the members would agree to give leave to the honourable member who has moved the motion, that is a different issue.

Mr. Zain Noorani: No Sir, if you have made up your mind that it is in order..........................

Mr. Chairman: I have considered it very carefully and I personally feel that if any matter deserved to be discussed by way of adjournment motion, it is a case of this type which should be...........

Mr. Zain Noorani: I have not raised the question of being its accompanied by documents. What I have said is that in giving notice the urgency is to be taken into consideration. Urgency means that a certain incident takes place, and May, Morrey, Mukerji, Kaul, Ledle, any one that you mention agree that there should not be a lapse of even more then 24 hours in giving of the notice particularly in the case of an adjournment motion. Now where has it been adhered to ?

Mr. Chairman: Well, this is exactly what I am telling you that first notice that we received was on the 10th of November that was by Maulana Sahib.

Mr. Zain Noorani: 10th of November. What proceeded on the 9th ?

Mr. Chairman: Nothing proceeded on the 9th !

Mr. Zain Noorani: So it must have been whatever............

Mr. Chairman: Did it happen on the 9th.

Mr. Zain Noorani: No, it did not happen on the 9th.

Mr. Chairman: A reply is being given in this very House by the Member Incharge of Water and Power that the proejct has been completed by 31st December 1986. Even in the answer to questions today we heard that statement yet a notice has been given sometime in the 2nd week of November that it is not complete and considerable damage has resulted as a result of the opening of the canal and the canal or the project has not been a success. Now what earlier notice do we need in that ?

مولانا کوثر نیازی: جناب چیئرمین ! جب آپ کی رائے آگئی ہے تو وزیر صاحب اس بحث میں کیوں پڑے ہوئے ہیں ؟

Mr. Chairman: He does not contest. He wanted to bring certain things to notice to which he is entitled.

مولانا کوثر نیازی: آپ کی رائے کے بعد پھر لانے کی ضرورت نہیں ہے ۔

Mr. Chairman: It is upto the House, I think that the matter proposed to be discussed is in order. It is for the House whether to grant leave to the honourable Senator to move the motion or not. So, I put the question whether the mover has the leave of the Senate to move the motion.

(The leave was granted)

Mr. Chairman: So, we admit the motion and a date would be fixed for its discussion separately in consultation with the government.

Automatically, one motion having been admitted the other motions will have to be postponed to some other day.

Next, we come to the Legislative Business or whatever other business we have on the agenda.

ADJOURNMENT MOTION: FAILURE OF PHASE-I OF CHASHMA RIGHT BANK CANAL PROJECT

مولانا کوثر نیازی: میں آپ کی اجازت سے ایک موشن موو کرنے کی اجازت چاہتا ہوں ۔ موشن یہ ہے ۔ میں تحریک کرتا ہوں کہ سینٹ کی قائمہ کمیٹی برائے امور داخلہ کو کراچی

[Maulana Kausar Niazi]

میں جاکر وہاں ہونے والے حالیہ فسادات پر ایک رپورٹ مکمل کرنے کے لئے پبلک سماعت کی اجازت دی جائے ۔ کمیٹی بریگیڈیر (ریٹائرڈ) محمد حیات خان کی سرکردگی میں اپنے اجلاسوں میں مختلف طبقات کے راہنماؤں کو اپنے خیالات کے اظہار کا موقع دے گی اور اس سلسلے میں سیاسی جماعتوں کو بھی نمائندگی دی جائے گی ۔ کمیٹی اگلے سیشن میں اپنی حتمی رپورٹ پیش کرے گی ۔

جناب چیئرمین : آپ یہ ارشاد فرمائیں کہ کس رول کے تحت آپ یہ موشن موو کرنا چاہتے ہیں ؟

مولانا کوثر نیازی : جناب والا ! کسی رول میں اس کی ممانعت نہیں ہے ۔ میں چاہتا تھا کہ ایوان سے اس کی اجازت حاصل کر لی جائے تاکہ بات سمپلیفائی ہو جائے ۔

جناب چیئرمین : لیکن اس کے لئے کوئی قاعدہ ہے ۔ میں وہی پوچھنا چاہتا تھا کہ کس قاعدے کے تحت ہم اس کو ایوان میں پیش کر سکتے ہیں ۔

مولانا کوثر نیازی : میں نے جناب والا ! آپ کے سیکرٹری سے معلوم کیا تھا جو اتھارٹی ہیں اور انہوں نے کہا تھا کہ اس سلسلے میں کوئی ممانعت نہیں ہے ۔ ایوان میں آپ اسے پیش کر سکتے ہیں ۔

جناب چیئرمین : سیکرٹری اتھارٹی نہیں ، اتھارٹی تو یہ ہاؤس ہی ہے ۔

مولانا کوثر نیازی : چیئرمین ہے یقیناً ، مگر جب چیئرمین نہ ہو تو پھر ہم سیکرٹری کی طرف رجوع کرتے ہیں ۔

جناب چیئرمین : چیئرمین بھی نہیں ہے ۔ میں اتنا عرض کرونگا کہ آج ایک تو this is Official Members' Day اس طرح کا پرائیویٹ ممبر موشن نہیں آسکتا سوائے پرائیویٹ ممبرز ڈے کے ۔ کیونکہ آفیشل بزنس میں جب تک آرڈر آف دی ڈے میں یہ چیز شامل نہیں ہے تو میرے خیال میں مجھے بھی وہ حق نہیں پہنچتا اور اس ہاؤس کے ساتھ ناانصافی ہو گی کیونکہ کسی کو نوٹس نہیں ہے کہ اس کے متعلق ہاں کہیں یا نہ کہیں ۔ یہ پہلی بات ہے ۔ دوسری بات یہ ہے کہ اسی مسئلے پر کافی ڈسکشن ہوئی پبلک ڈبیٹ ہوئی اور اس سینیٹ نے بھی کی ۔ جو طریقہ ہے ۔ پتہ نہیں سیکرٹری صاحب نے آپ کو وہ بتایا یا نہیں میں آپ کو بتا سکتا ہوں اگر آپ رول ۱۳۷ (۲) کو پڑھیں ۔ جہاں تک کمیٹیز کا تعلق ہے :

Each committee shall deal with subjects assigned under the rules for the allocation and transaction of business of government to the Ministeries or Divisions with which it is concerned or any other matter referred to it by the Senate.

تو سٹینڈنگ کمیٹی صرف انہی matters کی cognizance لے سکتی ہے جوانکو assign کی جائیں - آگے پھر یہی رول کہتا ہے -

> "except as otherwise provided in these rules, the Senate may on a motion made by a Minister or a member remit to the Standing Committee any subject or matter with which it is concerned and the Standing Committee shall study it."

تو ممبر کو یہ اجازت ہو سکتی ہے لیکن باقاعدہ نوٹس کے بعد پرائیویٹ ممبرز ڈے پہ اور بھی اگر ہاؤس اس کی اجازت دے کہ ہاں یہ سٹینڈنگ کمیٹی کو remit کیا جائے - ایک آگے جو چیز ہے اس پہ چونکہ بحث ہو چکی تھی یا تو اس بحث کے end پہ جس وقت یہ بحث اختتام پذیر تھی ایک formal motion جس کو contingency notice کہتے ہیں پیش ہو جاتی وہ میرے خیال میں رول نمبر ۱۷۷ ہے اس کے تحت اس وقت یہ نوٹس آ سکتا تھا کہ جب یہ debate ختم ہو رہی تھی اور اس میں یہ ہے کہ :

> "A member may give notice of a motion or resolution or Bill which he may desire to be taken up on the conclusion of other business on which that motion or resolution or Bill is contingent."

اسی ڈبیٹ پر جو کراچی کے واقعات کے متعلق ہو رہی تھی آپ کا ریزولیوشن یا آپ کی یہ موشن ہے اسی پہ contingent تھا - تو at the end of that اس وقت آپ یہ فرما سکتے تھے :-

and if such a notice is admitted by the Chairman it may be included in the Orders of the Day under the heading 'contingent notice', etc.

مولانا کوثر نیازی : تو جناب والا ! یہ میں نے پرائیویٹ ممبرز ڈے کے لئے نوٹس دے دیا ہے -

جناب چیئرمین : ٹھیک ہے اس دن ہم رکھ لیں گے پھر اس دن جو کچھ مناسب کارروائی ہوگی وہ کریں گے ۔

Sardar Khizar Hayat Khan: The House is not in quorum.

Mr. Chairman: The House is not in quorum ?

Sardar Khizar Hayat Khan: Yes, Sir.

جناب چیئرمین : تو زنجیر ہلا دیتے ہیں ۔ بھائی گھنٹی بجاؤ ۔

(کورم کے لئے گھنٹیاں بجائی گئیں)

Mr. Chairman: Well, then we have to adjourn the House. We will meet again on Sunday at 6.00 p.m. Thank you. The House is adjourned.

[The House adjourned to meet again at six of the clock in the evening on Sunday, February 8, 1987.]

PCPPI—2312 (87)/Senate—13-9-1989—300.